آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان

منیجنگ ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

ٹیلیفون نمبر: 062-2508053

موبائل: 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 20 | بروز جمعۃ المبارک 13 نومبر 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 219

سعودی عرب اور حرمین شریفین کی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، پاک فوج کے ترجمان

سعودی عرب اور حرمین شریفین کی سلامتی پاکستان کی اولین ترجیح ہے، پاکستان موجودہ حالات میں سعودی عرب کے دفاع کے لیے تمام ضروری اقدامات کرنے کو تیار ہے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کا عرب اخبار الشرق الاوسط کو انٹرویو



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاک فوج کے ترجمان لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا ہے کہ سعودی عرب کی سلامتی اور خودمختاری کا تحفظ پاکستان کی اولین ترجیح ہے، اس پر سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے عرب اخبار الشرق الاوسط کو انٹرویو میں کہا ہے کہ سعودی عرب اور حرمین شریفین کی سلامتی پاکستان

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حکومت اسلامی مالیاتی نظام کے فروغ کیلئے پرعزم ہے: محمد اورنگزیب

اسلامی بینکاری اور سکوک مارکیٹ مستحکم ہو رہی ہے، حکومت اسلامی مالیاتی نظام کے فروغ کیلئے پرعزم ہے

پاکستان میں اسلامی فنانس کو فروغ مل رہا ہے، وزیر خزانہ کا اسلام آباد میں 10 کھرب روپے کے ڈومیسٹک ساورن سکوک اجراء کی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کا کہنا ہے کہ پہلی بار سکوک اجراء کا 10 کھرب روپے کا سنگ میل عبور ہوا۔ محمد اورنگزیب نے اسلام آباد میں 10 کھرب روپے کے ڈومیسٹک ساورن سکوک اجراء کی تقریب سے

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نئے صوبوں پر ریفرنڈم کرالیں عوام نہیں چاہتے تو نہ بنائیں، محسن نقوی

سیاسی جماعتیں نئے صوبوں کے حوالے سے عوامی سروے دیکھ لیں، عوامی سروے نئے صوبوں کے حق میں آ رہے ہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کے معاملے پر ریفرنڈم کرالیں، اگر عوام نہیں چاہتے تو میں بھی کہوں گا کہ صوبے نہ بنائیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وفاقی وزیر داخلہ سے وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان کی ملاقات

،امن وامان اور ترقیاتی امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان امجد حسین نے ملاقات کی، ملاقات میں خطے کی مجموعی

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

گورنر خیبر پختونخوا اور وفاقی وزیر آئی ٹی کی زیر صدارت اہم اجلاس،

صوبے میں 150 وفاقی ڈیجیٹل پلیٹ فارمز فعال ہونے پر بریفنگ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) گورنر ہاؤس پشاور میں ڈیجیٹل ماسٹر پلان اور نیشنل ڈیجیٹل کمیشن کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس کی مشترکہ صدارت گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی اور وفاقی وزیر برائے انفارمیشن

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور رانا عبدالوہاب کی اپنے دفتر میں کھلی کچہری

ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے تمام سائلین کے مسائل فرداً فرداً تفصیل سے سنے

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور رانا عبدالوہاب کی جانب سے شہریوں کے مسائل کے فوری اور میرٹ پر حل کے لیے روزانہ

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پروفیسر شہزاد احمد خان پنجاب پروفیسرز اینڈ لیکچررز ایسوسی ایشن گورنمنٹ صادق عباس کالج یونٹ کے بلامقابلہ صدر منتخب

ممتاز شاعر، ادیب اور مصنف کو الیکشن میں بلامقابلہ کامیابی پر شہر کے ادبی، تعلیمی اور صحافتی حلقوں کی مبارکباد نیک خواہشات کا اظہار کیا



احمد پور شرقیہ (سٹاف رپورٹر) پنجاب پروفیسرز اینڈ لیکچررز ایسوسی ایشن کے گورنمنٹ صادق عباس گریجویٹ کالج ڈیرہ نواب کے لوکل یونٹ کے انتخاب میں ماہر تعلیم، شاعر و ادیب پروفیسر شہزاد احمد خان بلامقابلہ صدر منتخب ہو گئے ہیں۔ تعلیمی، ادبی اور سماجی حلقوں نے انھیں اس کامیابی پر مبارک باد دی ہے اور نیک تمنائوں کا اظہار کیا ہے

ڈپٹی کمشنر بہاولپور کا ایئر پورٹ روڈ کے قریب کینال ویو پارک کا اچانک دورہ

پارک میں جاری ترقیاتی وتزئین وآرائش کے کاموں کی رفتار اور معیار کا جائزہ لیا

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے ایئر پورٹ روڈ کے قریب کینال ویو پارک کا اچانک دورہ کیا اور پارک میں جاری ترقیاتی وتزئین وآرائش کے کاموں کی رفتار اور معیار کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے پارک

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈپٹی کمشنر کا ترقیاتی منصوبوں اور عوامی سہولیات کی بہتری کا جائزہ

تمام منصوبوں پر کام کی رفتار تیز کی جائے، ڈپٹی کمشنر

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے خصوصی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ضلع بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں، انتظامی امور، عوامی سہولیات اور مختلف سرکاری محکموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ اجلاس میں پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

شہباز شریف اور ترک صدر اردوان کی ملاقات، تجارت، دفاع اور توانائی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور ترکیہ کے گہرے، تاریخی اور برادرانہ تعلقات کا اعادہ کیا اور دوطرفہ تعلقات کی مثبت سمت میں پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا ملاقات میں تجارت، سرمایہ کاری، دفاعی تعاون، توانائی اور علاقائی روابط کے فروغ سمیت دوطرفہ تعاون کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا



ترکیہ (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور ترک صدر رجب طیب اردوان کے درمیان انطالیہ میں کوپ 31 کے سربراہی اجلاس کے موقع پر دوطرفہ ملاقات ہوئی۔ دونوں رہنماں نے پاکستان اور ترکیہ کے گہرے، تاریخی اور برادرانہ تعلقات کا اعادہ کیا اور دوطرفہ تعلقات کی مثبت سمت میں پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ملاقات میں تجارت، سرمایہ کاری، دفاعی تعاون، توانائی اور علاقائی روابط کے فروغ سمیت دوطرفہ تعاون کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماں نے جاری اقدامات پر عملدرآمد تیز کرنے اور اقتصادی روابط مزید مستحکم بنانے کے لیے نئے مواقع تلاش کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ دونوں رہنماں نے خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال اور عالمی سطح پر ہونے والی اہم پیش رفت پر بھی گفتگو کی۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے کشیدگی میں کمی اور مذاکرات کے فروغ کے لیے علاقائی

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایف بی آر کا تاخیر سے ٹیکس ریٹرن جمع کرانے والوں کے لیے سہولت کا اعلان

ٹیکس ریٹرن چیک کریں کا نیا خودکار نظام بھی متعارف کرا دیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) ایف بی آر نے تاخیر سے ٹیکس ریٹرن جمع کرانے والوں کو سرچارج کے بغیر ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں شامل ہونے کی سہولت دے دی۔ ساتھ ہی چھ ماہ تک جائیداد نہ خریدنے کی شرط بھی عائد کر دی۔ ٹیکس ریٹرن چیک

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

احمد پور یونین آف جرنلسٹس ورکرز کوآپریٹو سوسائٹی کی بانی و سرپرست اعلیٰ احسان احمد سحر کی زیر صدارت اجلاس

پانچ ہزار مالیت کے اے یو جے ڈبلیو جرنلسٹ سپورٹ کیش ایوارڈ کے لئے 17 نومبر کو منعقدہ اجلاس میں قرعہ اندازی کی جائے گی



احمد پور شرقیہ (پ ر) احمد پور یونین آف جرنلسٹس ورکرز احمد پور شرقیہ، کی کوآپریٹو سوسائٹی کا مشاورتی اجلاس بانی و سرپرست اعلیٰ احسان احمد سحر کی زیر صدارت علی کولنگ سنٹر کے آفس میں منعقد ہوا۔ جس میں اے یو جے ورکرز کے اراکین کے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

احمد پور شرقیہ: احمد پور یونین آف جرنلسٹس ورکرز احمد پور شرقیہ کی کوآپریٹو سوسائٹی کا اجلاس بانی و سرپرست اعلیٰ احسان احمد سحر صدارت کرتے ہوئے۔

سیکرٹری بورڈ اور کنٹرولر امتحانات نے وائس چانسلر کو گلدستہ پیش کیا

سیکرٹری ثوبیہ سلطانہ چوہدری، پروفیسر محمد وقاص کی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران سے ملاقات

بہاول پور (پ ر) سیکرٹری ایجوکیشن بورڈ بہاول پور ثوبیہ سلطانہ چوہدری اور کنٹرولر امتحانات پروفیسر محمد وقاص نے وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران سے ملاقات کی۔ اس موقع شعبہ سپورٹس سائنسز) آئی یو بی (کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر بدر بھی موجود تھے۔ سیکرٹری بورڈ اور کنٹرولر امتحانات نے وائس چانسلر کو گلدستہ پیش کیا۔ وائس چانسلر نے سیکرٹری بورڈ اور

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نوجوان جہانزیب ایچ ای سی انٹر یونیورسٹی کرائے چیمپئن شپ میں دو گولڈ میڈلز اور ٹرافی جیت لی

ارشد گھلو کا اعزاز

مارلوز کرائے سینٹر کے عہدیداران، کوچز، اہل علاقہ اور کھیلوں سے وابستہ شخصیات نیاس نمایاں کامیابی پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں دلی مبارکباد پیش کی



ہونے والی 18ویں ایچ ای سی انٹر یونیورسٹی کرائے چیمپئن شپ میں مارلوز کرائے سینٹر احمد

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بانی پی ٹی آئی کی بہنیں نورین نیازی اور عظمیٰ خان کوٹ لکھپت جیل سے رہا

لاہور (سی ایم لنکس) بانی پی ٹی آئی کی بہنیں نورین نیازی اور عظمیٰ خان کو کوٹ لکھپت جیل سے رہائی مل گئی۔ واضح رہے کہ نورین نیازی اور عظمیٰ خان کوٹ لکھپت جیل لاہور میں نظر بند

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں جاری

گزشتہ 24 گھنٹوں میں مختلف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 80 ملزمان گرفتار

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں جاری، بہاولپور پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں میں مختلف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 80 ملزمان گرفتار کیے، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عالمی سرمایہ کاری کانفرنس کے موقع پر وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ کی اہم ملاقاتیں

عالمی سرمایہ کاری و کاروباری رہنماؤں سے روابط

جنیوا، سوئٹزرلینڈ (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ قیصر احمد شیخ نے جنیوا، سوئٹزرلینڈ میں منعقدہ 30ویں عالمی سرمایہ کاری کانفرنس (WIC 2026) کے موقع پر اہم ملاقاتیں کیں، جن کا مقصد عالمی سرمایہ کاری کے اداروں کے ساتھ پاکستان کے روابط کو مزید مستحکم بنانا اور سرمایہ کاری و کاروباری تعاون کے نئے

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

الیکشن کمیشن نے رجسٹرڈ سیاسی جماعتوں کی تازہ فہرست جاری کر دی

160 سیاسی جماعتیں الیکشن کمیشن میں رجسٹرڈ ہیں

اسلام آباد (سی ایم لنکس) الیکشن کمیشن نے رجسٹرڈ سیاسی جماعتوں کی تازہ فہرست جاری کر دی۔ 160 سیاسی جماعتیں الیکشن کمیشن میں رجسٹرڈ ہیں جبکہ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے سربراہ کا نام ہٹا دیا گیا۔ ایم کیو ایم پاکستان کو پارٹی الیکشن کرانے کے لیے اکتوبر تک مہلت دی گئی تھی۔ الیکشن کمیشن کے مطابق پاکستان تحریک

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

چنی گوٹھ اور گردونواح میں یوریا کھاد کی قلت، گندم کی کاشت متاثر ہونے کا خدشہ

یوریا کھاد کی فوری فراہمی یقینی بنائی جائے کاشتکاروں کا محکمہ زراعت اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ

چنی گوٹھ (نامہ نگار) چنی گوٹھ اور گردونواح میں یوریا کھاد کی عدم دستیابی کے باعث کاشتکاروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے جبکہ گندم کی کاشت کا اہم سیزن ہونے کے باعث فصل کی بروقت کاشت متاثر ہونے کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ کاشتکاروں کے مطابق کھاد ڈیلرز کے پاس یوریا کھاد دستیاب نہیں، جس کے باعث انہیں مختلف علاقوں میں خوار ہونا پڑ رہا ہے۔ کاشتکاروں نے

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیر اطلاعات کو ذاتی حیثیت میں طلب کیا تھا، وہ کہاں ہیں؟ چیف الیکشن کمشنر

الیکشن کمیشن نے این اے 77 ضمنی انتخابات میں ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کی کیس کی سماعت کی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) الیکشن کمیشن نے این اے 77 ضمنی انتخابات میں ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کے کیس کی سماعت کی۔ کیس کی سماعت چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے کی۔ دوران سماعت عطاء تارڑ کے وکیل جمیل سواتی اور ن لیگ کے امیدوار راشد بشیر ورک، ن لیگ کی ایم پی ایز اور حکومتی عہدیدار عاصمہ ناز اور قدسیہ بتول، ڈی سی، آر او اور ڈی ایم او بھی الیکشن کمیشن میں پیش

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جعلی ادویات کی روک تھام کے لیے نئی موبائل ایپ متعارف

ادویات کی پیکنگ پر درج بار کوڈ اسکین کر کے دوا کی رجسٹریشن، سرکاری قیمت اور دیگر ضروری تفصیلات موبائل فون پر معلوم کر سکیں گے

چنی گوٹھ (نامہ نگار) حکومت نے جعلی ادویات کی فروخت اور مقررہ سرکاری قیمت سے زائد وصولی روکنے کے لیے نئی موبائل ایپ متعارف کرا دی۔ ترجمان ڈریپ کے مطابق شہری ادویات کی پیکنگ پر درج بار کوڈ اسکین کر کے دوا کی رجسٹریشن، سرکاری قیمت اور دیگر ضروری تفصیلات موبائل فون پر معلوم کر سکیں گے۔ اس اقدام سے جعلی ادویات کی نشاندہی، غیر قانونی فروخت اور

بقیہ نمبر 28 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کورٹ فیس ٹکٹ کے بحران کے خاتمے کا واحد حل ٹکٹوں کی فراہمی پر تحصیل آفس خزانہ میں دستیاب ہونا چاہئے، محمد خالد چوھان

تحصیل اسٹام فروش تحصیل آفس خزانہ سے ٹکٹیں خرید کر فروخت کر کے شفافیت کو برقرار رکھ سکتے ہیں سابق صدر اسٹام فروش یونین



احمد پور شرقیہ (پ ر) سابق صدر اسٹام فروش یونین احاطہ کچہری احمد پور شرقیہ محمد خالد چوھان کا کہنا تھا کہ کورٹ فیس ٹکٹ کے بحران کے خاتمے کا واحد حل یہ کہ ٹکٹوں کی فراہمی پر تحصیل آفس خزانہ میں دستیاب ہونا چاہئے جہاں سے

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیر نے ضابطے کی خلاف ورزی کی، 2 سال سزا ہو سکتی ہے،

،الیکشن کمیشن کے حکومت سے متعلق سخت ریمارکس

اسلام آباد (سی ایم لنکس) الیکشن کمیشن میں گوجرانوالہ ضمنی انتخابات میں ضابطہ اخلاق خلاف ورزی کیس کی سماعت ہوئی، چیف الیکشن کمشنر کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے سماعت کی۔ اسپیشل سیکرٹری الیکشن کمیشن نے کہا کہ وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے انتخابی مہم کے دوران ہیلی کاپٹر پر حلقے کا دورہ کیا اور عوامی اجتماع سے خطاب کیا، وزیر

بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

الیکشن پر کروڑ روپے خرچ کر کے ایک لاکھ بتانا الارمنگ ہے، اسلام آباد ہائیکورٹ

جسٹس عمیر محمد ملک نے چوہدری امجد علی کی درخواست پر سماعت کی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) اسلام آباد ہائیکورٹ نے وفاقی دارالحکومت کے بلدیاتی انتخابات رکوانے کی درخواست قابل سماعت ہونے پر فیصلہ محفوظ کرتے ہوئے ریمارکس دیے کہ اگر کوئی کروڑوں روپے خرچ کرتا ہے تو اس میں عدالت کیا کرے؟ یہ تو بہت الارمنگ ہے کہ الیکشن پر کروڑ روپے خرچ کر کے کہیں گے کہ ایک لاکھ

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



لودھراں: ڈپٹی کمشنر محمد اشرف ترقیاتی سکیموں کے چیکنگ کے دوران افسران کو ہدایات دے رہے ہیں۔

موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے وعدے نہیں اقدامات کی ضرورت ہے: وزیر اعظم

2022ء میں پاکستان کا ایک تہائی حصہ سیلاب میں ڈوبا ہوا تھا

انطالیہ (سی ایم لنکس) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے صرف وعدے نہیں بلکہ ٹھوس اقدامات کی ضرورت ہے، موسمیاتی نقصانات کی کوئی سرحد نہیں ہوتی۔ انطالیہ میں کوپ 31 کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان عالمی کاربن اخراج میں ایک فیصد سے بھی کم کا ذمے دار

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پی ٹی آئی نے گورنر راج اور ایمرجنسی کیخلاف وفاقی آئینی عدالت سے رجوع کر لیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے گورنر راج اور ایمرجنسی

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سیرت کوئز: اصحاب بدر کے تابندہ نقوش کے سلسلے میں زبانی کوئز مقابلے کا انعقاد

اس مقابلے میں یونیورسٹی کے طلبا وطالبات کے علاوہ جنوبی پنجاب کے دینی مدارس کے طلبا نے بھی بھرپور شرکت کی

تقریب کی نقابت اور نظامت کے فرائض شعبہ عربی کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد الیاس خواجہ نے انجام دیے



بہاول پور (پ ر) اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور کے سیرت چیئر کے زیر اہتمام اور وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران کی سرپرستی میں سیرت کوئز: اصحاب بدر کے تابندہ نقوش کے سلسلے میں زبانی کوئز مقابلے کا انعقاد گھوٹوی ہال، عباسیہ کیمپس میں منعقد کیا گیا۔ اس مقابلے میں یونیورسٹی کے طلبا و طالبات کے علاوہ جنوبی پنجاب کے دینی مدارس کے طلبا نے بھی بھرپور شرکت کی۔ سیرت چیئر، اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور، سیرت نبوی ﷺ کی

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سیرت چیئر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے زیر اہتمام سیرت کوئز مقابلے کے موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران شرکاء کو سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں۔

پشاور ہائیکورٹ میں آئینی درخواستوں کی سماعت روکنے کے حکم پر نظر ثانی کی استدعا

آئینی درخواست وکیل شاہ فیصل الیاس ایڈووکیٹ اور علی زمان ایڈووکیٹ کے ذریعے دائر کی گئی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے پشاور ہائیکورٹ میں آئینی درخواستوں کی سماعت روکنے کے معاملے پر وفاقی آئینی عدالت میں اہم درخواست دائر کر دی۔ آئینی درخواست وکیل شاہ فیصل الیاس ایڈووکیٹ اور علی زمان ایڈووکیٹ کے ذریعے دائر کی گئی ہے۔ درخواست پشاور ہائیکورٹ میں زیر سماعت مقدمے میں فریق بننے کے لیے دائر کی گئی

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان سٹاک ایکسچینج میں کاروبار کے آغاز پر تیزی، انڈیکس میں 312 پوائنٹس کا اضافہ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) پاکستان سٹاک ایکسچینج میں جمعرات کو کاروبار کے آغاز پر تیزی کا رجحان رہا اور کے ایس ای 100 انڈیکس 312.63 پوائنٹس کے اضافے سے ایک لاکھ

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



لاہور: وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری وجی رانی پروگرام کی تقریب سے خطاب کر رہی ہیں، صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ، سپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق اور معاون خصوصی ڈاکٹر بھی ہمراہ ہیں۔

ایک دام

نشاط نیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802– میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی، یامین، زین جی، اپ ٹائم، رواج، کرینٹ، کراؤن، پوری، نارکنز لیڈیز ورائٹی، بن الیاس، ایڈن روب، رنگ رسیہ، ایمان عدیل، علیزے، زل بری، شنائیل، میرین کلاسک، بن وحید، بن سعید، پیری ڈوٹ، موٹفز، شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد..... ہمارا معیار

نشاط آوٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلو کلب

مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی

زارا | نائیک | پولو

فورکڈز | بیس | بینگو

کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے

پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل : محمد اسماعیل فاروقی

ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی

بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.C.S. | FA(IT)

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل وڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787



سیکرٹری بورڈ ثوبیہ سلطانہ چوہدری اور کنٹرولر امتحانات پروفیسر محمد وقاص وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران سے ملاقات کر رہے ہیں۔



بہاول پور: ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا ضلع میں جاری ترقیاتی منصوبوں، انتظامی امور، عوامی سہولیات اور محکموں کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔



بہاول پور: ڈی پی او رانا عبدالوہاب اپنے آفس میں کھلی کچہری کے موقع پر شہریوں کے مسائل دریافت کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 01

کی اولین ترجیح ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ پاکستان موجودہ حالات میں سعودی عرب کے دفاع کے لیے تمام ضروری اقدامات کرنے کو تیار ہے، سعودی عرب کو دفاعی مقاصد کے لیے فوجی اہلکار، عسکری صلاحیتیں، تربیت اور لاجسٹک معاونت فراہم کریں گے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا کہ پاکستانی فوجی پہلے ہی سعودی عرب میں مختلف ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں، پاکستانی فوجیوں کی بنیادی ذمہ داریوں میں دفاعی معاونت، فوجی مشقیں اور تربیتی سرگرمیاں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب پر حالیہ حملوں کے بعد مکہ دفاعی اتحاد کی ذمہ داریوں پر عملی پیش رفت شروع ہوئی ہے، پاکستان نے سعودی شہروں، ہوائی اڈوں اور شہری و اقتصادی تنصیبات پر حملوں کی شدید مذمت کی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ 26 اکتوبر کو تہران میں ایران کے ساتھ ہونے والی ملاقات کا مقصد کشیدگی کم کرنے کا لائحہ عمل تیار کرنا تھا، فیلڈ مارشل عاصم منیر کی تہران ملاقات میں شرکت پاکستان کی مذاکرات اور تنازعات کے پرامن حل کی حمایت کا اظہار ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ چاروں ممالک نے علاقائی امن و استحکام کے لیے مذاکرات اور تعاون جاری رکھنے پر اتفاق کیا ہے۔

بقیہ نمبر 02

خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ڈومیسٹک ساورن سکوک اجراء اسلامی مالیاتی نظام کی بڑی کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 10 کھرب روپے کا اجراء معیشت کے لیے مثبت پیش رفت ہے، اسلامی بینکاری اور سکوک مارکیٹ مستحکم ہورہی ہے، حکومت اسلامی مالیاتی نظام کے فروغ کیلئے پرعزم ہے، پاکستان میں اسلامی فنانس کو فروغ مل رہا ہے۔ وزیر خزانہ نے مزید کہا کہ سکوک سیقرضوں کی مدت میں توسیع اور لاگت میں کمی میں مدد ملی، سکوک مارکیٹنگ ایکوسسٹم کے لیے متعلقہ اداروں نے مل کر کام کرنا ہے، سکوک اجراء کے حوالے سے آغاز اچھا ہے، مثبت رجحان کو برقرار رکھنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شرعی اصولوں کے مطابق سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے پرعزم ہیں، پاکستان میں اسلامی بینکاری مسلسل فروغ پا رہی ہے، پاکستان میں سکوک کی مارکیٹ مستحکم ہورہی ہے، مالیاتی شعبے کے لیے ریگولیٹرز کو اپ گریڈ کر رہے ہیں۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ بہتر ریگولیشن کے لیے اسٹیٹ بینک اور ایس ای سی پی کو مزید فعال بنا رہے ہیں، معاشی ترق کے حصول کے لیے جدید طریقہ کار اپنا رہے ہیں، حکومت شرعی اصولوں کیمطابق اسلامی بینکاری کو جدید بنا رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان میں سرمایہ کاروں کا اسلامی بینکاری کی پروڈکٹس پر اعتماد بڑھ رہا ہے، اسلامی بینکاری ملک میں جدید بینکاری سے ہم آہنگ ہورہی ہے۔ وزیر خزانہ نے یہ بھی کہا کہ مولانا تقی عثمانی نے اسلامی بینکاری کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا ہے، انہوں نیا سلامی بینکاری کو جدید ڈیجیٹل نظام سے ہم آہنگ کرنے میں معاونت کی، اسلامی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے حکومت ہر سطح پر کوششیں کررہی ہے۔

بقیہ نمبر 03

کہا کہ سیاسی جماعتیں نئے صوبوں کے حوالے سے عوامی سروے دیکھ لیں، عوامی سروے نئے صوبوں کے حق میں آ رہے ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ بلاول بھٹو نے کہا ملک میں سیاسی ری سیٹ کی ضرورت ہے، میری ذاتی رائے ہے کہ تمام چیزیں ری سیٹ ہونی چاہئیں، میری اور بلاول بھٹو صاحب کی رائے ایک جیسی ہے، سسٹم تو سارے کا سارا ٹھیک ہونے والا ہے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ ابھی مولانا کے 6 سے 7 لوگوں کو نوٹس جاری ہوئے ہیں، مولانا کو نوٹس جاری نہیں ہوا، اگر کوئی کہہ رہا ہے کہ ملک میں کرپشن نہیں تو معذرت کے ساتھ کرپشن موجود ہے، جہاں کرپشن ہے اسے تسلیم کرنا اور درست کرنا ہوگا۔ محسن نقوی نے مزید کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے جو قانونی حقوق بنتے ہیں وہ انہیں ملیں گے۔

بقیہ نمبر 04

صورتحال، امن و امان اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت داخلہ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ گلگت بلتستان میں ترقی، امن اور استحکام کے لیے حکومتی کاوشیں قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے اس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ گلگت بلتستان کا رخ کرنے والے سیاحوں کی تعداد میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ گلگت بلتستان میں سیاحت کے فروغ سے نہ صرف مقامی معیشت مضبوط ہوگی بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ گلگت بلتستان کی مجموعی ترقی اور امن و امان برقرار رکھنے کے لیے وفاقی حکومت اپنا ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان امجد حسین نے وفاقی وزیر داخلہ کو خطے کی صورتحال سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ گلگت بلتستان میں اس وقت مجموعی صورتحال تسلی بخش ہے اور ماحول مکمل طور پر پرامن ہے۔

بقیہ نمبر 05

افسران کو ہدایت کی گئی کہ تمام منصوبوں پر کام کی رفتار تیز کی جائے اور انہیں مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو ان کے ثمرات جلد فراہم کیے جا سکیں۔ مثالی گاؤں منصوبے کے تحت بنیادی سہولیات کی فراہمی، جاری ترقیاتی کاموں اور مجموعی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا اور منصوبے پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے دیہی و شہری علاقوں میں نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے، نالیوں کی باقاعدگی سے صفائی اور صفائی ستھرائی کے مؤثر انتظامات یقینی بنانے پر زور دیا۔ انہوں نے کھلے مین ہولز کی فوری نشاندہی اور ان پر حفاظتی ڈھکن نصب کرنے کے لیے متعلقہ محکموں کو ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت جاری صفائی آپریشن اور متعلقہ اداروں کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے صفائی کے انتظامات مزید بہتر بنانے اور مقررہ معیار برقرار رکھنے کی ہدایت بھی کی گئی۔ اجلاس میں ریونیو سے متعلق زیرِ التوا کیسز کا جائزہ لیتے ہوئے انہیں ترجیحی بنیادوں پر نمٹانے اور عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے اقدامات کرنے کی ہدایت کی گئی۔ سگریٹ نوشی کی روک تھام اور متعلقہ قوانین پر عملدرآمد کے حوالے سے جاری اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی کڑی نگرانی کرنے، گراں فروشی اور ناجائز منافع خوری کے خلاف مؤثر کارروائی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے ماہ رمضان المبارک 2027 کے پیش نظر اشیائے خوردونوش کی وافر دستیابی، قیمتوں میں استحکام اور عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے لیے پیشگی انتظامات مکمل کرنے پر بھی زور دیا۔ ڈپٹی کمشنر نے پٹرول پمپس پر صارفین کو دستیاب سہولیات، پیمانوں کی درستگی اور متعلقہ ضوابط پر عملدرآمد کی مؤثر نگرانی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے آوارہ کتوں کی روک تھام کے لیے جاری مہم کو تسلسل کے ساتھ جاری رکھنے اور متعلقہ اقدامات کی نگرانی کرنے کی بھی ہدایت کی۔ اجلاس میں جنرل کے پی آئیز (KPIs) اور ای بز (e-Biz) کے تحت مختلف محکموں کی کارکردگی، سروس ڈیلیوری اور مقررہ اہداف پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ سرکاری امور کی بروقت تکمیل، عوامی خدمات کی بہتری اور مقررہ اہداف کے حصول کے لیے اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کریں۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز ڈاکٹر عائشہ خان، سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر پیرا فورس مجتبیٰ منظور سمیت مختلف متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 06

میں لف ٹائلز کی تنصیب، درختوں کی پینٹنگ، لوہے کی گرلز کو رنگ کرنے اور پارک کی مجموعی خوبصورتی میں اضافے کے لیے جاری اقدامات کا معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ پارک میں جاری تمام ترقیاتی و تزئین و آرائش کے کام مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں اور باقی ماندہ امور کو ترجیحی بنیادوں پر پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تمام ترقیاتی کاموں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور کاموں کی تکمیل میں غیر ضروری تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ پارک میں صفائی ستھرائی، خوبصورتی اور شہریوں کے لیے خوشگوار تفریحی ماحول کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ شہریوں کو ایک صاف ستھرا، خوبصورت اور معیاری تفریحی مقام میسر آ سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ کینال ویو پارک کو جلد مکمل طور پر فعال بنا کر شہریوں کی آمد و رفت اور تفریح کے لیے دستیاب کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 07

کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ آج منعقدہ کھلی کچہری میں 25 سے زائد شہریوں نے شرکت کر کے اپنے مسائل براہ راست ڈی پی او بہاولپور کے سامنے پیش کیے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے تمام سائلین کے مسائل فرداً فرداً تفصیل سے سنے اور متعلقہ افسران کو بذریعہ فون فوری قانونی کارروائی اور بروقت واپسی رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او بہاولپور نے مختلف درخواستوں پر انکوائریوں کے احکامات جاری کرتے ہوئے ریکوری کے مقدمات میں متعلقہ تفتیشی افسران کو ہدایت دی کہ جلد از جلد ریکوری مکمل کر کے مال مسروقہ مدعیان کے حوالے کیا جائے اور اس ضمن میں رپورٹ پیش کی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ غفلت یا تاخیر کے مرتکب افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اس موقع پر ڈی پی او رانا عبدالوہاب کا کہنا تھا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد وزیرِ اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام و پولیس کے درمیان اعتماد کے رشتے کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ شہریوں نے ڈی پی او بہاولپور کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ مسائل کے فوری حل کے لیے پولیس افسران تک براہ راست رسائی ایک خوش آئند اور مثبت قدم ہے۔

بقیہ نمبر 08

ٹیکنالوجی شزہ فاطمہ خواجہ نے کی۔ وزارت آئی ٹی سے جاری بیان میں بتایا گیا کہ نیشنل ڈیجیٹل کمیشن میں چاروں صوبوں کو نمائندگی دی گئی ہے، جبکہ وفاقی حکومت کے زیر انتظام ملک بھر میں فعال 500 ڈیجیٹل پلیٹ فارمز میں سے 150 خیبر پختونخوا میں کام کر رہے ہیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر آئی ٹی شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا کہ وفاقی حکومت خیبر پختونخوا میں ڈیجیٹلائزیشن اور آئی ٹی انفراسٹرکچر کی ترقی کے لیے مکمل تعاون فراہم کرے گی۔ انہوں نے بتایا کہ وزیراعظم پاکستان کے ’ڈیجیٹل پاکستان وژن‘ کے تحت تمام صوبوں کو ایک مرکزی ڈیجیٹل انفراسٹرکچر سے منسلک کیا جا رہا ہے، جس کے ذریعے ون ونڈو سسٹم کے تحت عوام کو معاشی، معاشرتی اور اقتصادی سہولیات میسر آئیں گی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ڈیجیٹل سکلز پروگرام کے تحت اب تک خیبر پختونخوا کے 8 لاکھ نوجوانوں کو تربیت فراہم کی جا چکی ہے، جبکہ اب صوبے کے نوجوانوں کو آرٹیفیشل انٹیلی جنس (اے آئی)، جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور سمال بزنس اسٹارٹ اپس کے حوالے سے خصوصی تربیت دی جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ نوجوانوں اور خواتین کو گھر بیٹھے آن لائن روزگار کے مواقع فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے وزیراعظم پاکستان اور وفاقی وزارت آئی ٹی کے ڈیجیٹل اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبے صوبے کے نوجوانوں کو معاشی طور پر خودمختار بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ صوبائی حکومت وفاق کے ڈیجیٹل اقدامات اور اصلاحات کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی۔ بعدازاں، وفاقی وزیر آئی ٹی شزہ فاطمہ خواجہ نے پشاور میں نیشنل انکیوبیشن سینٹر خیبر پختونخوا کا دورہ بھی کیا، جہاں انہوں نے زیر تربیت نوجوانوں سے ملاقات کی۔ وفاقی وزیر نے نوجوانوں کے اسٹارٹ اپس اور جدید تکنیکی منصوبوں کا جائزہ لیا اور ان کی تخلیقی کاوشوں کی تعریف کی۔

بقیہ نمبر 09

ممالک، بالخصوص معاہدہ مکہ کے رکن ممالک کی جاری کوششوں کو اجاگر کیا۔ ترک صدر رجب طیب اردوان نے پاکستان کے تعمیری کردار اور ان سفارتی کوششوں کو سراہا جن کے نتیجے میں اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے۔ وزیراعظم نے پاکستان کی جاری سفارتی کوششوں کے دوران مستقل حمایت اور قریبی رابطہ کاری پر ترک صدر کا شکریہ ادا کیا۔ دونوں رہنماؤں نے خطے میں پائیدار اور دیرپا امن کے قیام کے لیے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کے تحت تمام فریقین کی جانب سے اپنے وعدوں اور ذمہ داریوں کی پاسداری کی اہمیت پر زور دیا۔ ملاقات میں دونوں ممالک نے قومی مفاد کے بنیادی امور پر ایک دوسرے کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا اور برادرانہ تعلقات، امن و خوشحالی کے مشترکہ وژن کی بنیاد پر سٹریٹجک شراکت داری مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 10

کر نیا خودکار نظام بھی متعارف کرا دیا۔ غلطی کی نشاندہی پر کارروائی سے پہلے وضاحت کا موقع ملے گا۔ ایف بی آر نے انکم ٹیکس رولز 2002 میں ترامیم کرتے ہوئے تاخیر سے ریٹرن جمع کرانے والوں کو سرچارج کے بغیر ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ میں شامل ہونے کی سہولت دے دی۔ تاہم اس کے لیے 6 ماہ تک جائیداد نہ خریدنے کا الیکٹرانک حلف نامہ جمع کرانا ہوگا۔ ایف بی آر کے مطابق آئرس سسٹم پر نیا اے ٹی ایل یو فارم جمع کرانے والے افراد 6 ماہ تک کوئی جائیداد نہیں خرید سکیں گے۔ خلاف ورزی کی صورت میں ادارہ بینکوں اور دیگر ذرائع سے تصدیق کے بعد وضاحت طلب کرے گا۔ عہد خلافی ثابت ہونے پر سرچارج کی چھوٹ ختم اور اے ٹی ایل میں شمولیت عام قواعد کے تحت ہوگی۔ دوسری جانب ایف بی آر نے ٹیکس ریٹرنز کی جانچ کے لیے خودکار نظام بھی متعارف کرا دیا جس کے لیے انکم ٹیکس رولز میں نیا رول 38 بی شامل کیا گیا ہے۔ نظام ریٹرن میں غلطیوں، تضادات اور قانونی مسائل کی نشاندہی کر کے ٹیکس دہندہ کو آئرس کے ذریعے آن لائن انتباہ بھیجے گا۔ ایف بی آر فوری کارروائی کے بجائے پہلے غلطی درست کرنے یا وضاحت دینے کے لیے کم از کم 7 دن دے گا۔ جواب نہ ملنے پر دوبارہ یاددہانی اور مزید 7 دن کی مہلت دی جائے گی۔ ٹیکس دہندہ کے جواب کا متعلقہ افسر جائزہ لے گا۔ وضاحت تسلی بخش نہ ہونے پر قانون کے مطابق کارروائی ہو سکے گی۔ تمام انتباہات، جوابات اور کارروائیوں کا ریکارڈ ڈیش بورڈ پر محفوظ رکھا جائے گا۔

بقیہ نمبر 11

کنٹرولر امتحانات کو اپنے اپنے عہدوں کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناں اور خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے دونوں افسران کے لیے ان کی نئی ذمہ داریوں میں کامیابی کی دعا کی اور اس عزم کا اظہار کیا کہ طلبہ کی فلاح و بہبود کے فروغ کے لیے اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور کی جانب سے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ سیکرٹری بورڈ اور کنٹرولر امتحانات نے وائس چانسلر کے نیک جذبات اور تعاون کی یقین دہانی پر شکریہ ادا کیا اور اس امید کا اظہار کیا کہ ریاست بہاول پور کے ان دو بڑے اداروں کے درمیان باہمی تعاون اور روابط کو مزید فروغ حاصل ہوگا۔

بقیہ نمبر 12

برآمد۔ سماج دشمن عناصر کسی رعائت کے مستحق نہیں، ڈی پی او تفصیلات کے مطابق تھانہ سول لائنز اور تھانہ نوشہرہ جدید پولیس نے شراب فروشی کے مرتکب 02 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 50 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ اسی طرح منشیات فروشوں کے گرد گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ بغداد الجدید، عباس نگر، صدر احمد پور شرقیہ، نوشہرہ جدید اور تھانہ قائم پور پولیس نے 05 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 690 گرام کرسٹل آئس برآمد کر لی۔ جبکہ تھانہ نوشہرہ جدید پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے کے مرتکب 1 ملزمان کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 01 عدد پسٹل 30 بور برآمد کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے مزید انیوسٹیگیشن شروع کر دی گئی۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب نے کہا کہ معاشرے کو منشیات اور دیگر سماجی برائیوں سے پاک کرنا بہاولپور پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ جرائم پیشہ عناصر، منشیات فروشی میں ملوث افراد کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور قانون شکنی کرنے والوں کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

بقیہ نمبر 13

لئے تربیتی ورکشاپ کے انعقاد کا فیصلہ کیا گیا اور جس میں سابق سینئر ڈائریکٹر انفارمیشن حکومت پنجاب نذیر خالد ٹرینز کے فرائض سر انجام دیں گے۔ تربیت حاصل کرنے والے اے یو جے ڈبلیو کے اراکین میں تربیتی سرٹیفیکیٹس بھی تقسیم کیے جائیں گے۔ کور کمیٹی کے اجلاس میں یہ طے پایا کہ ماہ دسمبر میں پانچ ہزار روپے مالیت کے اے یو جے ڈبلیو جرنلسٹ سپورٹ کیش ایوارڈ اور اعزازی شیلڈ دینے کے لئے 17 نومبر بروز منگل کو منعقدہ اجلاس میں قرعہ اندازی کی جائے گی۔ اجلاس میں کور کمیٹی کے اراکین ، جنرل سیکرٹری حمیداللہ خان عزیز، چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی احمد علی چوہدری اور نائب صدر ملک راشد محمود چنڑ شریک ہوئے۔

بقیہ نمبر 14

تھیں۔ نورین نیازی اور عظمیٰ خان کو پی ٹی آئی کے لانگ مارچ سے قبل 21 ستمبر کو کوٹ لکھپت جیل میں نظر بند کر دیا گیا تھا اور بعد ازاں ان کی نظر بندی میں توسیع کر دی گئی تھی۔

بقیہ نمبر 15

ہوئے۔ سیکریٹری الیکشن کمیشن عمر حمید نے بتایا کہ مرکزی مسلم لیگ کے امیدوار نے ڈی آر او کے پاس درخواست دی جبکہ عطاء تارڑ اور فاروق تارڑ نے حلقے کا دورہ کیا۔ اسپیشل سیکریٹری ظفر اقبال نے یہ اپیل کی کہ درخواست میں کہا گیا عطاء تارڑ نے حلقے کا دورہ کیا، ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کی، ان کو دو سال کی سزا ہو سکتی ہے، الیکشن کمیشن سخت ایکشن لے، عہدے والے ایم این اے اور وزراء حلقے میں پھرتے رہے۔ جس پر چیف الیکشن کمشنر نے سوال کیا کہ وزیر اطلاعات کو ذاتی حیثیت میں طلب کیا تھا، وہ کہاں ہیں؟ اس سوال کا جواب دیتے ہوئے عطاء تارڑ کے وکیل بجیل سواتی نے بتایا کہ وزیر اطلاعات سرکاری غیر ملکی دورے پر ہیں۔ جواب سن کر چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ وزیر اطلاعات نے دورے میں صرف میڈیا کوریج ہی کرنی ہے اور کیا کرنا ہے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ وفاقی حکومت نے آرڈر کیا ہے، اسلام آباد بلدیاتی انتخابات میں ٹیچرز کی ڈیوٹی نہیں لگے گی، الیکشن کمیشن عملہ کہاں سے لائے گا؟ چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ ہم وفاقی حکومت کے آرڈر کا سختی سے نوٹس لیتے ہیں، وفاقی حکومت اسلام آباد بلدیاتی انتخابات سبوتاژ کرنا چاہتی ہے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ میں واضح کرتا ہوں بلدیاتی الیکشن اسلام آباد میں ہوں گے۔ جس پر عطاء تارڑ کے وکیل بجیل سواتی نے کہا کہ عطاء تارڑ ملک سے باہر ہیں، یہ سنجیدہ الزامات ہیں، کمیشن کی بہت عزت ہے۔ چیف الیکشن کمشنر نے عاصمہ ناز سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ آپ پولنگ اسٹیشن میں گھومتی رہیں، آپ کی ایم پی اے کی پوزیشن جا سکتی ہے، ان ہتھکنڈوں سے ووٹ کم پڑتے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ آپ مسکرا رہی ہیں، اس سے لگتا ہے آپ کو پشیمانی نہیں، آپ کو توہین الیکشن کمیشن کا نوٹس جاری کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 16

امکانات تلاش کرنا تھا۔ وفاقی وزیر نے ورلڈ انویسٹمنٹ کانفرنس (WIC)، ورلڈ ایسوسی ایشن آف انویسٹمنٹ پروموشن ایجنسیز (WAIPA) کے ایگزیکٹو بورڈ کے چیئرمین ڈاکٹر جیمز ایکس ژان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں عالمی سطح پر سرمایہ کاری کے فروغ اور پاکستان کی سرمایہ کاری کی صلاحیت کو بین الاقوامی فورمز پر اجاگر کرنے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈاکٹر جیمز ژان نے کانفرنس میں وفاقی وزیر کی فعال شرکت اور قابلِ قدر کردار کو سراہا اور عالمی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے ان کی کاوشوں کو اہم قرار دیا۔ وفاقی وزیر نے دی بزنس ایئر (The YearBusiness) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب کارلوس مارٹینیز سے بھی ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان کی سرمایہ کاری کی صلاحیت اور بین الاقوامی کاروباری روابط کے فروغ کے امکانات پر گفتگو ہوئی۔ جناب کارلوس مارٹینیز نے پاکستان میں کاروباری اور سرمایہ کاری کے مواقع تلاش کرنے میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر نے ان کی دلچسپی کا خیر مقدم کرتے ہوئے پاکستان کے تزویراتی محلِ وقوع، سرمایہ کاری کے لیے سازگار پالیسی فریم ورک اور معیشت کے اہم شعبوں میں دستیاب مواقع کو اجاگر کیا۔ انہوں نے پاکستانی مارکیٹ میں دلچسپی رکھنے والے ممکنہ سرمایہ کاروں کو سہولتیں فراہم کرنے اور بین الاقوامی کاروباری روابط کو مضبوط بنانے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ وفاقی وزیر نے عالمی سرمایہ کاری کانفرنس کے جنرل اسمبلی اجلاس میں بھی شرکت کی، جس میں سرمایہ کاری کے فروغ سے وابستہ اداروں کے نمائندوں، حکومتی عہدیداران اور عالمی اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔ اجلاس میں عالمی سرمایہ کاری کے رجحانات، ادارہ جاتی تعاون اور پائیدار سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے حکمتِ عملی پر تبادلہ؟ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر نے عالمی سرمایہ کاری کے اداروں کے ساتھ روابط مزید مضبوط بنانے، غیر ملکی سرمایہ کاروں کو سہولتیں فراہم کرنے اور باہمی مفاد پر مبنی شراکت داریوں کے فروغ کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے انفارمیشن ٹیکنالوجی، زراعت، معدنیات، توانائی، بنیادی ڈھانچے، مینوفیکچرنگ اور لاجسٹکس سمیت مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع کو اجاگر کیا۔ یہ ملاقاتیں عالمی سطح پر پاکستان کے معاشی تشخص کو اجاگر کرنے، سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافے اور پائیدار سرمایہ کاری کے لیے بین الاقوامی شراکت داریوں کو فروغ دینے کی حکومتی کوششوں کا حصہ ہیں۔

بقیہ نمبر 17

پور شرقیہ کے ہونہار نوجوان کھلاڑی جہانزیب ارشد گھلو نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے دو برونز میڈلز اور ٹرافی حاصل کر کے احمد پور شرقیہ کا نام روشن کر دیا۔ جہانزیب ارشد گھلو کی اس نمایاں کامیابی پر مارلوز کراٹے سینٹر کے عہدیداران، کوچز، اہل علاقہ اور کھیلوں سے وابستہ شخصیات نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں دلی مبارکباد پیش کی اور ان کی محنت، لگن اور صلاحیتوں کو سراہا۔ اس موقع پر بانی و چیف کوچ محمد اسحاق گجر (انٹرنیشنل ایوارڈ ہولڈر)، (شوکت علی گھلو) کوچ پاکستان کراٹے ٹیم وایشین گولڈ میڈلسٹ (محمد ایوب گجر) انٹرنیشنل گولڈ میڈلسٹ (ارشد نور، شفیق قریشی، ملک طارق، عبدالرزاق گجر، سہیل منظور، مقصود اکبر بٹھہ، ملک ناصر، امجد سیال، متین امجد، اکرم مشتاق اور مشتاق مہانہ نے جہانزیب ارشاد گھلو کو اس شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش کی۔ مبارکباد دینے والی شخصیات نے امید ظاہر کی کہ جہانزیب ارشد گھلو مستقبل میں بھی اپنی محنت اور لگن سے مزید کامیابیاں حاصل کریں گے اور ملکی و بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا نام روشن کریں گے۔

بقیہ نمبر 18

انصاف اور پاکستان سنی تحریک بھی بغیر پارٹی سربراہ کے نام کے رجسٹرڈ ہیں۔ الیکشن کمیشن نے کہا ہے کہ پشتون خواہ ملی عوامی پارٹی کے سربراہ کا نام بھی ہٹا دیا، پشتون خواہ ملی عوامی پارٹی کے انٹرا پارٹی الیکشن اور آئین میں ترمیم کا کیس زیرِ التوا ہے۔ تحریک لبیک پاکستان رجسٹرڈ جماعت میں شامل جبکہ سربراہ کا نام حذف ہے۔ الیکشن کمیشن نے عوام پاکستان کا نام رجسٹرڈ جماعتوں کی فہرست میں ظاہر کر دیا جبکہ پارٹی سربراہ کا نام حذف ہے۔ واضح رہے کہ عوام پاکستان کو الیکشن کمیشن نے پہلے ڈی لسٹ کر دیا تھا۔

بقیہ نمبر 19

روپیہ خرچ کیا۔ جسٹس عمیر مجید ملک نے چوہدری امجد علی کی درخواست پر سماعت کی۔ عدالت نے درخواست گزار کی جانب سے بلدیاتی انتخابات کا شیڈول معطل کرنے کی متفرق درخواست پر بھی فیصلہ محفوظ کیا۔ دوران سماعت، وکیل درخواست گزار عادل عزیز قاضی نے دلائل دیے کہ 2024 میں نئی حلقہ بندیاں کی گئیں، پھر الیکشن شیڈول آیا اور 2026 میں نیا لوکل گورنمنٹ الیکشن آرڈیننس آ گیا۔ جسٹس عمیر مجید ملک نے استفسار کیا کہ کیا وہ اب قانون بن گیا؟ وکیل درخواست گزار نے بتایا کہ نہیں، وہ کابینہ سے منظور ہو کر اب پارلیمنٹ پہنچا ہے، نیا آرڈیننس آیا تو پرانا الیکشن شیڈول واپس، نئی حلقہ بندیاں بھی ختم ہو گئیں۔ ایکٹ میں ایک میٹروپولیٹن کارپوریشن ہے اور آرڈیننس میں تین ہیں جبکہ آرڈیننس ختم ہونے پر پرانی حلقہ بندیاں بحال کیے بغیر شیڈول جاری کر دیا گیا۔ جسٹس عمیر مجید ملک نے ریمارکس دیے کہ اب سوال یہ ہے کہ نئی حلقہ بندیاں کس آرڈر کے تحت ہوئیں؟ وکیل درخواست گزار نے بتایا کہ جن حلقہ بندیوں پر الیکشن ہونا ہے اُن میں یونین کونسل اور وارڈز کو مکس کر دیا گیا، ایک یونین کونسل کی وارڈ نمبر دو میں صرف دو بندے ہیں جبکہ کم سے کم تین بندے تو چاہیے ہوتے ہیں جن میں ایک امیدوار، تجویز کنندہ اور تائید کنندہ شامل ہوتا ہے۔ عدالت نے استفسار کیا کہ تجویز کنندہ اور تائید کنندہ وارڈ سے ہی چاہیے ہوتا ہے یا پوری یونین کونسل سے ہو سکتا ہے؟ وکیل نے بتایا کہ تجویز کنندہ اور تائید کنندہ صرف اُسی وارڈ سے ہی ہو سکتے ہیں۔ جسٹس عمیر مجید ملک نے استفسار کیا کہ اُس وارڈ میں تو پھر الیکشن نہیں ہو سکتا؟ آپ یہ شق بتا دیں جس کے تحت اُسی وارڈ سے ہی تجویز اور تائید کنندہ ہونے ہیں۔ وکیل درخواست گزار عادل عزیز قاضی نے کہا کہ میں وہ شق عدالت کو بعد میں بتا دیتا ہوں۔ جسٹس عمیر مجید ملک نے ریمارکس دیے کہ حلقہ بندیاں بحال کرنی بھی تھیں تو آرڈر کر لیتے یا اعتراضات لے لیتے۔ وکیل نے دلائل دیے کہ الیکشن شیڈول کی تاریخ تک ووٹر لسٹ ہی نہیں دی گئی کسی کو پتہ بھی نہیں تھا کہ اُس کا نام کس وارڈ میں ہے، بہت کم لوگوں نے کاغذات نامزدگی جمع کروائے، پھر تاریخ بڑھا کر 8 کر دی گئی۔ جسٹس عمیر مجید ملک نے سوال اٹھایا کہ آپ کہہ رہے ہیں کہ یہ سب جلد بازی میں ہو رہا ہے، پراسیس قانون کے خلاف ہے؟ وکیل نے استدعا کی کہ الیکشن پراسیس روکا جائے، اس عدالت سے پہلے بھی اسٹے ہوا تھا، عدالت اگر الیکشن شیڈول ابھی معطل نہیں کرتی اور بعد میں ہوتا ہے تو امیدواروں کے کروڑوں روپے لگ چکے ہوں گے۔ ہائیکورٹ کے جج نے ریمارکس دیے کہ اگر کوئی کروڑوں روپے خرچ کرتا ہے تو اس میں عدالت کیا کرے؟ یہ تو بہت الارمنگ ہے کہ الیکشن پر کروڑ روپے خرچ کر کے کہیں گے کہ ایک لاکھ روپیہ خرچ کیا۔ وکیل درخواست گزار کے دلائل کے بعد عدالت نے بلدیاتی انتخابات رکوانے کی درخواست قابلِ سماعت ہونے پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔

بقیہ نمبر 20

تعلیمات کو عام کرنے، اسوہ حسنہ ﷺ سے آگاہی کو فروغ دینے اور طلبا و طالبات سمیت معاشرے کے مختلف طبقات میں دینی شعور اور عملی وابستگی پیدا کرنے کے لیے تسلسل کے ساتھ علمی، تربیتی اور فکری سرگرمیوں کا انعقاد کر رہا ہے۔ اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی سیرت کوئز: اصحاب بدر کے تابندہ نقوش ہے، جس کے تحت یونیورسٹی طلبا و طالبات کے لیے کتاب کے اردو ترجمے اور جنوبی پنجاب کے دینی مدارس کے طلبہ کے لیے عربی متن البدریون کی بنیاد پر مقابلے کا اہتمام کیا گیا۔ اس کتاب کے مصنف سعودی عرب کی قصیم یونیورسٹی کے سابق ڈین پروفیسر ڈاکٹر سلیمان بن حمد العودہ ہیں۔ مقابلے کے چیف جج ممتاز ماہرِ تعلیم و تربیت اور سرپرست اتالیق ٹریننگو الشیخ جہانگیر محمود تھے، جبکہ معاون ججز کے فرائض محمد وقاص سعید، پروجیکٹ لیڈر اتالیق ٹریننگز، اور ڈاکٹر حافظ قاری عزیز الرحمٰن، انچارج شعبہ ٹرانسلیشن اسٹڈیز، نے انجام دیے۔ تقریب کی نقابت اور نظامت کے فرائض شعبہ عربی کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد الیاس خواجہ نے انجام دیے۔ اس موقع پر چیف جج الشیخ جہانگیر محمود نے سیرت چیئر کی علمی و تربیتی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ عصرِ حاضر کے مسائل کا حقیقی حل اسی وقت ممکن ہے جب ہم اصحاب بدر کے ایمان، عزم اور کردار سے رہنمائی حاصل کریں۔ انہوں نے کہا کہ دینداری محض دعوے کا نام نہیں بلکہ دین کی تعلیمات پر عملی طور پر کاربند ہونے کا تقاضا کرتی ہے۔ اسلام میں ہر فرد اپنی ذمہ داریوں کے حوالے سے جواب دہ ہے۔ یونیورسٹی کے 12 طلبہ و طالبات نے زبانی کوئز مقابلے میں حصہ لیا۔ نتائج کے مطابق شعبہ قرآ نک اسٹڈیز کی سٹوڈنٹ سائرہ نذیر نے پہلی پوزیشن حاصل کرتے ہوئے 50 ہزار روپے کا انعام حاصل کیا۔ شعبہ انگلش لٹریچر کی اسما رفیق نے 40 ہزار روپے کے ساتھ دوسری، جبکہ شعبہ کیمسٹری کے محمد ذیشان نے 30 ہزار روپے کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی۔ دیگر نمایاں پوزیشنیں حاصل کرنے والوں میں شعبہ فوڈ سائنسز کی نور النسا نے چوتھی، شعبہ بایوٹیکنالوجی کی زکا مناہل نے پانچویں اور شعبہ تاریخ کی ندا فاطمہ نے چھٹی اعزازی پوزیشن حاصل کی۔ ان تمام اعزازی پوزیشن ہولڈرز کو پانچ، پانچ ہزار روپے کے نقد انعامات سے نوازا گیا۔ جنوبی پنجاب کے دینی مدارس سے تعلق رکھنے والے 23 طلبہ نے بھی عربی متن البدریون کی بنیاد پر منعقدہ مقابلے میں شرکت کی۔ اس مقابلے میں مرکز اعتدال لودھراں کے محمد یعقوب نے پہلی پوزیشن حاصل کرتے ہوئے 50 ہزار روپے کا انعام حاصل کیا۔ جامعہ اسلامیہ جدیدہ وہاڑی کے محمد اشفاق نے 40 ہزار روپے کے ساتھ دوسری، جبکہ دارالعلوم صدیقیہ، ڈیرہ غازی خان کے محمد اشفاق نے 30 ہزار روپے کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی۔ مزید برآں جامعہ اسلامیہ ملتان کے محمد حمزہ اقبال نے چوتھی، مرکز ام القری ڈیرہ غازی خان کے عبد الباقی نے پانچویں اور جامعہ صادقیہ عباسیہ منچن آباد کے عبدالرف نے چھٹی اعزازی پوزیشن حاصل کی۔ تمام اعزازی پوزیشن ہولڈرز کو پانچ، پانچ ہزار روپے کے نقد انعامات دیے گئے۔ تقریب کے صدارتی خطاب میں ڈین فیکلٹی آف اسلامک اینڈ عربک اسٹڈیز، پروفیسر ڈاکٹر شیخ شفیق الرحمٰن نے کہا کہ اس سرگرمی کا بنیادی مقصد طلبہ کے دلوں میں وہی شمع ایمان روشن کرنا ہے جس کی روشنی رسول اللہ ﷺ نے پھیلائی اور جس کے نتیجے میں اصحاب بدر جیسے عظیم المرتبت اور تابندہ کردار سامنے آئے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو سیرت نبوی ﷺ اور صحابہ کرام کی حیات مبارکہ سے روشنی حاصل کرتے ہوئے اپنی عملی زندگیوں کو سنوارنا چاہیے۔ وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور، پروفیسر انجینئر ڈاکٹر محمد کامران نے اپنے خطاب میں کہا کہ غزوہ بدر اسلام کی سربلندی اور اس کے پیغام حق کے فروغ کی تاریخ کا ایک عظیم اور فیصلہ کن باب ہے۔ اصحاب بدر دینِ اسلام کے روشن ستارے ہیں، جن کا بے مثال ایمان، عزم واستقامت، اخلاص، ایثار و قربانی اور اللہ تعالی پر کامل بھروسہ آج بھی ہمارے لیے مشعلِ راہ ہے۔ عصرِ حاضر میں ان عظیم شخصیات کی صفات کو اپنی زندگیوں کا حصہ بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ڈائریکٹر سیرت چیئر پروفیسر ڈاکٹر حافظ شفیق الرحمٰن نے اختتامی کلمات میں تمام شرکا، اساتذہ کرام، معزز مہمانانِ گرامی اور معاونین کا شکریہ ادا کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ سیرت چیئر آئندہ بھی سیرت طیبہ کے پیغام کو عام کرنے اور نوجوان نسل کی علمی و اخلاقی تربیت کے لیے ایسی سرگرمیاں جاری رکھے گا۔ تقریب میں سابق وائس چانسلر ویمن یونیورسٹی ملتان ڈاکٹر کلثوم پراچہ، پروفیسر ڈاکٹر سعید الرحمٰن بہا الدین زکریا یونیورسٹی ملتان، ڈین فیکلٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی پروفیسر انجینئر ڈاکٹر محمد امجد، شعبہ قرآ نک اسٹڈیز کے پروفیسر ڈاکٹر ضیا الرحمٰن، چیئرمین شعبہ فقہ و شریعہ ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد سعید شیخ، چیئرمین شعبہ حدیث ڈاکٹر غلام حیدر مگھرانہ، ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر حافظ احمد علی، اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر سلطان محمود، ڈاکٹر محمد رمضان اشرف، ڈاکٹر ذوہیب احمد، ڈاکٹر شفقت الرحمٰن مغل، ڈاکٹر عبدالرف، ڈاکٹر محمد امین، ڈاکٹر صہیب جمیل، لیکچرر محمد ابراہیم سالک، ڈاکٹر امت الرحمٰن، ڈاکٹر محمد حماد، ڈاکٹر صدیقہ طاہرہ اور دیگر اساتذہ کرام نے شرکت کی۔ آخر میں جاوید ملتانی اسسٹنٹ چالیس سالہ خدمات پر حسن کارکردگی اور محمد افضل گجر خطاط کو اعزازی شیلڈ دی گئی۔ تقریب کے اختتام پر انٹرنیشنل گیارہویں سیرت النبی ﷺ کانفرنس میں نمایاں پوزیشنیں حاصل کرنے والے دس تحقیقی مقالہ جات کے حوالے سے بھی تقسیم انعامات کی تقریب منعقد ہوئی۔ نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے مقالہ نگاروں کو انعامات سے نوازا گیا پہلی پوزیشن ڈاکٹر یاسمین نذیر اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ علوم اسلامیہ گورنمنٹ صادق کالج ویمن یونیورسٹی بہاولپور، دوسری پوزیشن ڈاکٹر محمد خازر الجالی کلی الشریع جامعہ قطر ڈاکٹر محمد اکرم چشتی اسسٹنٹ پروفیسر گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی گوجرانوالہ نے حاصل کی۔

بقیہ نمبر 21

79 ہزار 647.63 پوائنٹس کی سطح پر پہنچ گیا۔ کاروباری سرگرمیوں کے دوران مجموعی طور پر 51 کروڑ 60 لاکھ حصص کا لین دین ہوا جن کی مالیت 20 ارب روپے رہی جبکہ 567 کمپنیوں کے حصص کا کاروبار ہوا۔ ان میں سے 289 کمپنیوں کے حصص کی قیمتوں میں اضافہ، 180 کمپنیوں کی قیمتوں میں کمی جبکہ 98 کمپنیوں کے حصص کی قیمتیں مستحکم رہیں۔ فیوچر ٹریڈنگ کے تحت 2 ارب 67 کروڑ روپے مالیت کے سودے طے پائے۔ کاروبار کے دوران ورلڈ کال ٹیلی کام سروسز کے 12 کروڑ 50 لاکھ، تصدیق انفارمیشن سروسز لمیٹڈ کے 8 کروڑ 90 لاکھ اور فرسٹ نیشنل ایکوٹیز لمیٹڈ کے 3 کروڑ 60 لاکھ حصص کا لین دین ہوا۔ دریں اثنا سکیورٹی انویسٹمنٹ بینک لمیٹڈ، پرویز احمد کنسلٹنسی سروسز لمیٹڈ اور پراسپریٹی ویونگ ملز لمیٹڈ سرفہرست ایڈوانسر کمپنیاں رہیں۔

بقیہ نمبر 22

محکمہ زراعت اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ یوریا کھاد کی فوری فراہمی یقینی بنائی جائے اور ذخیرہ اندوزی و ناجائز منافع خوری کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں تاکہ گندم کی فصل بروقت کاشت کی جا سکے۔

بقیہ نمبر 23

ہے۔ درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ بیرسٹر گوہر علی خان اور دیگر درخواست گزاروں کو مقدمے میں فریق بنایا جائے اور ان کا مؤقف بھی سنا جائے۔ 5 نومبر کے عدالتی حکم سے پشاور ہائیکورٹ میں زیر سماعت آئینی درخواستوں کی کارروائی متاثر ہوئی ہے۔ درخواست میں وفاقی آئینی عدالت سے استدعا کی گئی ہے کہ وہ اپنے 5 نومبر کے حکم پر نظر ثانی کرے اور پشاور ہائیکورٹ کو آئین و قانون کے مطابق زیر التوا آئینی درخواستوں کی سماعت اور فیصلے کرنے کی اجازت دے۔ درخواست میں مزید استدعا کی گئی ہے کہ شہریوں کے بنیادی حقوق کا تحفظ اور انصاف تک رسائی یقینی بنائی جا سکے۔

بقیہ نمبر 24

ہے، اس کے باوجود موسمیاتی تبدیلیوں سے متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے۔ شہباز شریف کا کہنا ہے کہ 2022ء میں پاکستان کا ایک تہائی حصہ سیلاب میں ڈوبا ہوا تھا، تباہ کن سیلاب سے 3 کروڑ 30 لاکھ افراد متاثر ہوئے، سیلاب کی تباہ کاریوں کے دوران ترکیہ پاکستان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا رہا۔ انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان ماحول دوست اقدامات پر عمل پیرا ہے، موسمیاتی تبدیلی کے چیلنج سے نمٹنے کے لیے عالمی سطح پر عملی اقدامات کرنا ہوں گے۔

بقیہ نمبر 25

کے خلاف وفاقی آئینی عدالت سے رجوع کر لیا۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے وفاقی آئینی عدالت میں درخواست دائر کر دی۔ درخواست میں عدالت سے 5 نومبر 2026ء کو کے پی حکومت کی دائر درخواستوں پر جاری حکم پر نظر ثانی کی استدعا کی گئی ہے۔ ایمرجنسی اور گورنر راج کے خلاف دائر درخواستوں میں وزیر اعلیٰ اور اسپیکر کی رہائی کی بھی استدعا کی گئی ہے۔ درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ بیرسٹر گوہر اور دیگر درخواست گزاروں کو فریق بنا کر ان کا مؤقف بھی سنا جائے۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ 5 نومبر کے حکم سے پشاور ہائی کورٹ میں زیر سماعت آئینی درخواستوں کی کارروائی متاثر ہوئی۔ درخواست میں یہ استدعا بھی کی گئی ہے کہ شہریوں کے بنیادی حقوق کا تحفظ اور انصاف تک رسائی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ نمبر 26

تحصیل اسٹام فروش ٹکٹیں خرید کر فروخت کر کے شفافیت کو برقرار رکھ سکتے ہیں اس سے جعلی ٹکٹوں کے فروخت کنندگان کا بھی محاسبہ بھی آسانی ہو سکتا ہے اور ٹکٹوں کے معاملے کو صاف شفاف بھی بنایا جا سکتا ہے ان خیالات کا اظہار سابق صدر یونین اسٹام فروش محمد خالد چوہان نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا

بقیہ نمبر 27

اطلاعات نے الیکشن ایکٹ اور ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کی، الیکشن کمیشن دو سال تک کی سزا سنا سکتا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ الیکشن کمیشن وزیراعظم اور حکومت کو احکامات جاری کر سکتا ہے، حکومت الیکشن کمیشن کو ہدایات نہیں دے سکتی، وفاقی حکومت اسلام آباد بلدیاتی انتخابات کیلئے سنجیدہ نظر نہیں آ رہی، واضح کر دوں کہ اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات ضرور ہوں گے۔ چیف الیکشن کمشنر نے ریمارکس دیے کہ وزیراعظم نے کیسے حکم دے دیا کہ ٹیچرز کی الیکشن ڈیوٹیز نہیں لگائی جائیں گی، الیکشن کمیشن کہاں سے عملہ لے کر آئے گا۔ چیف الیکشن کمشنر نے اراکین پنجاب اسمبلی کی سرزنش کی، پارلیمانی سیکرٹری صحت اسما عباسی کے دوران سماعت مسکرانے پر چیف الیکشن کمشنر نے اظہار برہمی کیا اور کہا کہ آپ کی پنجاب اسمبلی کی نشست بھی جا سکتی ہے، مسکرا کر آپ کو توہین عدالت کا نوٹس بھی جاری ہو سکتا ہے، وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کیوں ہیلی کاپٹر پر دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نے کہا کہ وزیر اطلاعات نے کنٹونمنٹ بورڈ کا دورہ کیا جو ہمارے تحت نہیں ہے، چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ آپ جائیں اور قانون پڑھ کر آئیں، اسپیشل سیکرٹری نے کہا کہ ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر دو سال تک سزا ہو سکتی ہے۔ چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے فیکٹ فائنڈنگ رپورٹ مرتب کر لی ہے، ڈی آر او، ڈی ایم او اور آر او فیکٹ فائنڈنگ رپورٹ پر تحریری جواب جمع کروائیں، وزیر اطلاعات کو ذاتی حیثیت میں طلب کیا تھا وہ کہاں ہیں؟ عطاء تارڑ کے وکیل بجیل سواتی نے جواب دیا کہ وزیر اطلاعات سرکاری غیر ملکی دورے پر ہیں۔ چیف الیکشن کمشنر نے ریمارکس دیے کہ وزیر اطلاعات نے دورے میں صرف میڈیا کوریج ہی کرنی ہے اور کیا کرنا ہے، آئندہ سماعت پر تمام فریقین ذاتی حیثیت میں پیش ہوں۔ الیکشن کمیشن نے سی پی او گوجرانوالہ کو بھی طلب کر لیا، الیکشن کمیشن نے سماعت یکم دسمبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ نمبر 28

ناجائز منافع خوری کی روک تھام میں مدد ملے گی جبکہ صارفین کو بھی ادویات کی خریداری میں تحفظ حاصل ہوگا۔

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گردیزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
535-536 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ

